کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ

اظہار دلچسپی

## Expression of Interest (EOI) for outsourcing of

## Commercial Building (Grey Structure), Svy No. 9-A, G.T Road, Nowshera Cantt.

کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ اپنی نئی تعمیر شدہ کمرشل بلڈنگ (گرے سٹرکچر) کے حقوق کرایہ داری جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر کرایہ پر دینے کیلئے اظہار دلچسپی کے درخواستیں مطلوب ہیں۔ مذکورہ کمرشل بلڈنگ (گرے سٹرکچر) کے آوٹ سورسنگ کے لئے خواہشمند افراد / فرمز / کمپنیاں / بنکس / سکولز / میڈیکل سینٹر مالکان / ہسپتال وغیرہ سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ موصول شدہ درخواستوں کی جانچ پڑتال اور انتخاب پیپرا رولز (PPRA Rules) (وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ) اور پاکستان کنٹونمنٹ پراپرٹی رولز 1957 اور اس کے تحت بنائے گئے ترمیم شدہ گائیڈ لائنز 2024 کے تحت کیا جائے گا۔ بلڈنگ کے تفصیل اور شرائط درج ذیل ہیں۔

| بلڈنگ | تفصیل | کورڈ ایریا (sft) | مقصد برائے رینٹ |
|---|---|---|---|
| کمرشل بلڈنگ (گرے سٹرکچر) | گراونڈ فلور، 1st فلور، 2nd فلور، 3rd فلور | 44143<br>8.72 کنال | کمرشل پلازہ (برائے فرمز / کمپنیاں / بنکس / سکولز / میڈیکل سینٹر مالکان / ہسپتال وغیرہ) |

شرائط:۔

1- موصول شدہ اظہار دلچسپی کی درخواستوں کو مورخہ 17.12.2025 اور متبادل تاریخ 18.12.2025 دوپہر 02 بجے کھولا جائے گا۔ صرف وہ شخص / فرم جس نے پروپوزل کے ساتھ CDR مبلغ 30 لاکھ روپے بحق کنٹونمنٹ بورڈ آفیسر اور قومی شناختی کارڈ، بمع (Income Tax Filer Certificate/FBR) جمع کروایا ہو گا وہی بولی میں حصہ لے سکے گا۔

2- ایسا شخص یا فرم جو کینٹ بورڈ نوشہرہ کا نادہندہ / بلیک لیسٹ یا کسی مقدمہ بازی میں ملوث ہو گا وہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا۔

3- گرے سٹرکچر کو کرایہ دار بورڈ کی اجازت سے ڈیزائن اور کوالٹی کے مطابق PEC کے منظور شدہ انجنیئر سے تیار کروائے گا۔

4- گرے سٹرکچر کو تیار کرنے کیلئے 09 ماہ کا گریس ٹائم دیا جائے گا اور اگر پروپوزل دہندہ 09 ماہ کے مدت میں بلڈنگ Furnished نہیں کرتا تو بھی ماہانہ کرایہ وصول کیا جائے گا۔

5- نیلامی ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر ہو گی اور ماہانہ کرایہ میں 10 فیصد سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔ کرایہ داری حقوق 05 سال کے لیے ہوں گے جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہو گی۔ 05 سال کی میعاد ختم ہونے کے بعد اگر موجودہ کرایہ دار بلڈنگ کی کرایہ داری حقوق کے معاہدے کی تجدید کا خواہشمند ہو تو بلڈنگ اسی کرایہ دار کو مزید 05 سال کیلئے دیا جائے گا جس میں سالانہ 10% فیصد کرایہ میں اضافہ کیا جائے گا جو کہ کرایہ داری کے دوسری ٹرم کے پہلے سال سے ہی لاگو ہو گا۔ دوسری ٹرم کے اختتام پر اگر کرایہ دار مزید تیسری / آخری ٹرم کیلئے کرایہ داری کی تجدید کا خواہشمند ہو تو اس وقت کے کرایہ پر 30% فیصد اضافہ کیا جائے گا اور اس کے علاوہ ہر سال 10% فیصد اضافہ کیا جائے گا۔

6- 15 سال کرایہ داری مدت کے اختتام پر سٹرکچر بورڈ کی ملکیت ہو گا اور بورڈ اس کو نیلام کرے گا۔

7- اول نمبر اور دوسرے نمبر پر آنے والے پروپوزل دہندہ گان کے علاوہ باقی تمام پروپوزل دہندہ گان کو ان کے کال ڈیپازٹ نیلامی کے اختتام پر اگلے روز واپس کر دیئے جائیں گے۔

8- قبضہ گرے سٹرکچر کرایہ داری کی حتمی منظوری بورڈ سے ملنے کے بعد اور 07 دن کے اندر معاہدہ کرایہ داری کی تکمیل اور 06 ماہ کا کرایہ بطور سیکیورٹی جمع کرنے کے بعد دیا جائے گا۔ بصورت دیگر پہلے سے جمع شدہ زر بیعانہ کی رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کرلی جائے گی اور گرے سٹرکچر دوبارہ نیلام کر دی جائے گی۔ جس پر پروپوزل دہندہ کو اعتراض کرنے کا کوئی قانونی حق حاصل نہ ہو گا۔

9- کامیاب پروپوزل دہندہ کا کال ڈیپازٹ دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کے ساتھ بطور ضمانت کرایہ داری معاہدہ کی تکمیل تک جمع رہے گا۔

10- کرایہ ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

11- کامیاب پروپوزل دہندہ گرے سٹرکچر کسی دوسری پارٹی یا فرد کو کرایہ داری حقوق ٹرانسفر / Sublet نہیں کر سکتا ہے۔

12- کامیاب پروپوزل دہندہ حکومت کے مجوزہ قانون کے مطابق ٹیکسز ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

13- کامیاب پروپوزل دہندہ اپنے گرے سٹرکچر کے Utility Bills باقاعدگی سے ادا کرنے کا پابند ہو گا اور کسی قسم کے واجبات کی صورت میں کرایہ دار قانونی طور پر خود ذمہ دار ہو گا۔

14- زیر دستخطی یا بورڈ وجہ بتائے بغیر پروپوزل کو منظور یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

15- کامیاب پروپوزل دہندہ گرے سٹرکچر کی مرمت اپنے خرچے پر کینٹ بورڈ کی منظوری سے کروائے گا ہر قسم کی صفائی و ستھرائی کی ذمہ داری کامیاب پروپوزل دہندہ کی ہو گی۔ کینٹ ایگزیکٹو آفیسر کو اختیار حاصل ہے کہ وہ خود یا بذریعہ نمائندہ کسی بھی وقت گرے سٹرکچر کا معائنہ کر سکتا ہے۔

16- کرایہ دار / پروپوزل دہندہ جس حصول کیلئے گرے سٹرکچر لے گا اسی مقصد کیلئے استعمال کرے گا۔

17- کنٹونمنٹ بورڈ اور کرایہ دار کے مابین کسی بھی تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کینٹونمنٹس پشاور ثالث تصور ہو گا جس کا فیصلہ حتمی ہو گا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہونگے۔

18- دیگر شرائط گرے سٹرکچر، سائز، نقشہ، دفتری اوقات میں کنٹونمنٹ بورڈ آفس سے دیکھی یا معلوم کی جا سکتی ہیں۔

19- مذکورہ بالا کمرشل بلڈنگ (گرے سٹرکچر) کے EOI کاغذات اور تفصیل کینٹ بورڈ نوشہرہ کے ویب سائٹ https://nowshera.cantonment.gov.pk سے ڈاون لوڈ کیے جا سکتے ہے۔

المشتہر

کینٹ ایگزیکٹو آفیسر نوشہرہ کینٹ

0923- 9220089

Syed Mohsin Hassan
Assistant Director (Web Design)
Wednesday, 03 December, 2025, 12:46:59 PM

Syed Mohsin Hassan
Assistant Director (Web Design)
Wednesday, 03 December, 2025, 12:46:59 PM